۱۰۰ مشہور ضعیف احادیث، جمع وترتیب: شیخ احسان بن محمد العتیبی۔ ترجمہ: حافظ عمران ایوب لاہوری۔ ملنے کا پتا: نعمانی کتب خانہ، حق سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۹۵۔ قیمت: درج نہیں۔

اس حقیقت سے انکار بہت مشکل ہے کہ مختلف ادوار میں بدطینت، دروغ گو لوگوں، زندیقوں اور اسلام دشمن عناصر نے دین حنیف میں تحریف اور تشکیک، دراندازی اور رخنہ اندازی کے مذموم مقاصد کو پروان چڑھانے کی غرض سے ایسی ایسی روایتیں گھڑیں جس سے دین میں تشکیک کی راہیں کھلیں اور کافی حد تک بے عملی نے رواج پایا۔

اس روش کے سدّباب کے لیے علماے حق میدان میں آئے جنھوں نے کمال محنت اور شب وروز کی عرق ریزی سے وہ احادیث کے ایسے مجموعے منظرعام پر لے آئے جن میں ضعیف اور خودساختہ اور من گھڑت روایات کو چھانٹ کر صحیح روایات سے الگ کر کے رکھ دیا اور صحیح احادیث کو شفاف آئینے کی طرح دنیا کے روبرو پیش کر دیا۔

شیخ احسان بن محمد العتیبی نے جو جناب ناصرالدین البانی صاحب کے شاگرد رشید ہیں ۱۰۰ مشہور ضعیف اور خودساختہ احادیث کو ایک ہی جگہ جمع کر دیا ہے جنھیں اس معاشرے کے کم علم خطبا اور بےعمل واعظین اپنی تقریروں میں بڑے زوردار انداز میں بیان کرتے ہیں۔ اس طرح غیرحقیقت، حقیقت کا روپ دھار لیتی ہے اور غیرمصدقہ ضعیف اور موضوع روایات عملی زندگی کا حصہ بن جاتی ہیں اور عوام بدعت اور غیربدعت میں امتیاز نہیں کر سکتے۔ اس مشکل کو حل کرنے میں یہ کتاب بڑی معاون اور مددگار ثابت ہوسکتی ہے۔ ہر خاص وعام کے لیے ضعیف روایات کی پہچان، معرفت اور بدعات سے تحفظ اور بچاؤ کا بہت اچھا ذریعہ بن سکتی ہے۔ ہر مسلمان کو اس سے استفادہ کرنا چاہیے۔ بڑی مفید کتاب ہے۔ مفید اس پہلو سے بھی ہے کہ مترجم نے ابتدا میں ضعیف حدیث کی تعریف، ان کی اقسام، ان کو گھڑنے کے اسباب، ان کو بیان کرنے کے طریقے کے ساتھ ان کتابوں کا بھی ذکر کر دیا ہے جن میں ضعیف اور موضوع روایات جمع کی گئی ہیں۔ نیز اصطلاحات احادیث پر بھی خاطرخواہ روشنی ڈالی گئی ہے۔ (عبدالوکیل علوی)